ilmkidunya

## Home-Economics - 9th Class Home Economics Urdu Medium Chapter 8 Preparation

**Q1.** ہم عمروں سے تعلقات کی کیا اہمیت ہے؟

**Ans 1:** بچے کی معاشرتی ضراریات میں ہم عمر بچوں سے تعلقات کی نہایت اہمیت ہے. معاشرتی مطابقت پیدا کرنے کے لیے ہم عمروں کے متوقع تقاضے، اصول اور قواعد، مرقجہ طریقے اور دستورالعمل کا سمجھنا بہت ضروری ہے. بچے دوسرے بچوں کی صحبت اور کھیل کے درمیان بہت سی باتیں سیکھتے ہیں. ان کی دلچسپیاں، کھیل اور تعلیمی مصروفیات یکساں ہوتی ہیں. اس لیے ہم عمر بچے ایک دوسرے کی زندگی میں بہت اہم اور منفرد کردار ادا کرتے ہیں.

---

**Q2.** جمہوری والدین کے بچوں کی شخصیت پر کیا اثرات ہوتے ہیں؟

**Ans 1:** بچوں کی تربیت ایک بہت ناذک اور اہم مرحلہ ہے. جمہوری والدین بہت سوچ بچار اور خوش اسلوبی سے بچوں کے معاملات میں بےجامداخلت نہیں کرتے لیکن پیارومحبت سے اصولوں کی پابندی کرواتے ہیں نیز مشفقانہ وار نرم رویہ اختیار کرتے ہیں.

---

**Q3.** بہن بھائیوں سے تعلقات کی اہمیت مختصر بیان کریں.

**Ans 1:** جس طرح والدین اور بچوں کے تعلقات اہم ہیں اسی طرح گھر میں رہنے والے دوسرے چھوٹے یا بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ بھ بچے کے تعلقات اہمیت رکھتے ہیں. ان تعلقات کی نوعیت اچھی ہو یا بری اس کے اثرات بچے کی زندگی پر دوررس اور گہرے ہوتے ہیں. یہ بیک وقت خوشی، غصہ، حسد، مایوسی، مقابلہ اور دوستی وغیرہ کے جذبات ہوتے ہیں. بچوں کے بہن بھائی ان کے ہمدم ہوتے ہیں. اوائل زندگی کے ماہ وسال وہ ان کی محبت میں گزارتے ہیں. بہن بھائیوں کے درمیان ایک انوکھا رشتہ اور قریبی بندھن ہوتا ہے.

---

**Q4.** تحمکانہ والدین کے بچوں کی شخصیت پر کیا اثرات ہوتے ہیں؟

**Ans 1:** ایسے والدین رویے میں سخت، بےلچک، غیرذمہ دار اور تنقیدی ہوتے ہیں. اپنے اثرورسوخ سے حالات پوقابو پاتے ہیں. غصے اور سزا سے بچوں کی تربیت کرتے ہیں. ہر غلطی اور ناکامی پر سزا دیتے اور سختی سے گفتگو کرتے ہیں. غلط عادات اور سست روی پر جھڑک دیتے ہیں اور شدید ناراضگی کا اظہار کرتے ہیں. ان کی بےجاروک ٹوک بچوں کی شخصیت پر منفی اثرات مرتب کرتی ہے. جس کی وجہ سے اکثر بچوں میں خوداوتمادی کی کمی ہوجاتی ہے.

---

**Q5.** ہم عمروں سے دباؤ کے تین اثرات لکھیں.

**Ans 1:** 1.یہ دباؤ بچوں کو انفرادی تجربات سے آشناکرواتے ہیں اور ان کی شخصیت میں معاشرتی پختگی پیدا کرتے ہیں. 2.بچوں سے کھیل کود،میل جول اور مشترکہ مشاغل میں شرکت سے بچے میں ہمدردی کے جذبات پیدا ہوتے ہیں اور دوسرں کی مدد اور ام سے تعاون کرنا سیکھتے ہیں. 3.وہ دوستوں کی تقلید اور اور نقالی سے سے بہت سی اچھی عادات وحرکات سیکھتا ہے.

---

**Q6.** بچوں کی شخصیت پر اباحتی والدین کے کیا اثرات ہیں؟

**Ans 1:** ایسے واالدین لاپرواہ ہوتے ہیں. وہ بچوں کی تربیت کے لیے مستقل مزاجی سے کسی اصول پر کاربند نہیں رہتے. بچوں کو اپنی من مانی کرنے کی بھرپور آذادی ہوتی ہے. بعض گھرانوں میں بچوں کو کسی بھی بات پر ٹوکا نہیں جاتا اور انہیں ہر کام کرنے کی اجازت ہوتی ہے.

---

**Q7.** بہن بھائیوں کی رقابت سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** خاندان میں نئے بچے میں حسد کے جذبات پیدا ہوجاتے ہیں.بڑا بچہ اگرچہ اپنے نئے بھائی یا بہن سے محبت کے جذبات رکھتا ہےتاہم اس خوف میں مبتلا رہتا ہے کہ والدین کی محبت و توجہ اس کی جانب اب کم ہوجائے گی اس لیے بڑا بچہ اپنے آپ کو غیر محفوظ تصور کرتا ہے اس تصور کو بہن بھائیوں کی رقابت کہا جاتا ہے. بچے اپنی

حسد و رقابت کو کئی انداز سے ظاہر کرتے ہیں.

Q8. فلوجیل کے مطابق تحمکانہ والدین کے بچوں کی شخصیت پر اثرات ہوتے ہیں؟

**Ans 1:** "فلوجیل کے مطابق، سخت گیروالدین کو بدمزاج، باغی، سرکش، جھگڑ اور جارحانہ مزاج والا بنادیتے ہیں."

Q9. ڈے کیئر سٹاف کے بطور نگران بچوں پر کیا اثرات ہوتے ہیں؟

**Ans 1:** خواتین کی ملازمت پیشہ ہونے کی صورت میں جب بچوں خصو صاً شیر خوار بچوں اور پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کی نگرانی و تربیت کے مسائل سامنے آنا شروع ہوئے تو ڈے کیئر کے قیام کی ضرورت کو محسوس کیا گیا اور سماجی بہبود کے اداروں نے ڈے کیئر سنٹر قیام کی بنیاد ڈالی.جس کی آفیسر انچارج ایک خاتون فیلڈ آفیسر کو مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا.

Q10. بچوں کی نشوونما پر والدین اور بچوں کے تعلقات کے اثرات کون کون سے ہیں؟

**Ans 1:** (1) زیادہ افراد پر مشتمل خاندان (2) ترتیب ولادت (3) بچوں کے شکل و شبہات اور وضع قطع (4) جنس کا اثر (5) والدین کی سماجی حیثیت (6) ماؤں کا تعلیم یافتہ ہونا